رہبر معظم کی امامت میں اس ہفتہ نماز جمعہ منعقد ہوگی - 1 /Feb/ 2011

امام الرؤف حضرت علی ابن موسی الرضا علیہ السلام کی شہادت کی مناسبت سے اس ہفتہ تہران میں نماز جمعہ ولی امر مسلمین رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی امامت میں منعقد ہوگیـ

تہران میں نماز جمعہ کی کمیٹی نے اعلان کیا ہے کہ صفر المظفر کے آخری دن اور امام الرؤف حضرت علی ابن موسی الرضا (ع) کی شہادت کی مناسبت سے اس ہفتہ تہران یونیورسٹی میں نماز جمعہ ولی امر مسلمین رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای کی امامت میں منعقد ہوگی ، جس میں تہران کے لاکھوں مؤمنین شرکت کریں گےـ